Pak Studies - 10th Class Pakistan Studies Chapter 3 Preparation

Q1. پاکستان کے پانچ ایسے شہروں کے نام لکھیں جہاں خشک گودیاں قائم ہیں

Ans 1: لاہور ملتان، راولپنڈی فیصل آباد اور سیالکوٹ میں خشک گودیاں قائم ہیں

Q2. دو گھریلو صنعتوں کے نام لکھیں

Ans 1: پاکستان کی دو مشہور گھریلو صنعتیں درج ذی ہیں چرخے سے کاتنے کا کام دستی اوزاروں سے سوتی اونی اور پٹ سن کی اشیا بننا

Q3. معدنی وسائل سے کیا مراد ہے.

Ans 1: معدنی وسا ئل سے مراد زمین کے اندر پائی جانے والی دھاتی یا غیر دھاتی اشیاء ہیں.

Q4. پاکستان میں کوئلہ کا استعمال کہاں کیا جاتا ہے

Ans 1: پاکستان میں کوئلہ کا استعمال تھرمل بجلی پیدا کرنے اینٹیں پکانے اور گھریلو ضروریات پوری کرنے کے لیے استعمال ہوتا ہے

Q5. چوتھا پانچ سالہ منصوبہ کس عرصے پر محیط ہے.

Ans 1: چوتھا پانچ سالہ منصوبہ 75-1970 کے عرصے پر محیط ہے.

Q6. پروفیسر آرتھولیوس کی معاشی ترقی کی تعریف کریں.

Ans 1: پروفیسر آرتھر لیوس کے مطابق اشیا و خدمات کی پیداوار میں اضافے کا نام معاشی ترقی ہے

Q7. دو گھریلو صنعتوں کے نام تحریر کریں.

Ans 1: 1. چرخے سے کاتنے کا کام 2. دستی اوزاروں سے سوتی اونی اور پٹ سن کی اشیاء بننا.

Q8. پاکستان میں قدرتی گیس کب اور کہاں دریافت ہوئی.

Ans 1: پاکستان میں قدرتی گیس 1952 میں صوبہ بلوچستان میں سوئی کے مقام سے دریافت ہوئی.

Q9. دولت کی غیر مساوی تقسیم سے کیا مسائل پیدا ہورہے ہیں

Ans 1: پاکستان میں دولت کی غیر مساوی تقسیم سے امیر امیر تر اور غریب غریب تر ہورہا ہے جس سے کئی مسائل پیدا ہورہے ہیں

Q10. پاکستان کی دو اہم بندرگاہوں کے نام لکھیں

Ans 1: کراچی پاکستان کی سب سے پرانی بندرگاہ ہے صوبہ بلوچستان میں چین کی مدد سے ایک نئی بندرگاہ گوادر میں تعمیر کی گئی ہے کراچی سے مشرق کی جانب بن قاسم بندرگاہ پاکستان سٹیل ملز کے قریب قائم کی گئی
